ONE NATION
ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان شاہینز بمقابلہ زمبابوے اے۔

کوئنکوے،4مئی2023:

پاکستان شاہینز نے عمیر بن یوسف کی کریئر بیسٹ ڈبل سنچری سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے زمبابوے اے کے خلاف پہلے چار روزہ کے دوسرے دن اپنی پہلی اننگز 521 رنز 3 کھلاڑی آؤٹ پر ڈکلیئر کردی۔

عمیر بن یوسف 250 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے جو پاکستان اے یا پاکستان شاہینز کی طرف سے کھیلتے ہوئے کسی بھی پاکستانی بیٹر کا فرسٹ کلاس کرکٹ میں سب سے بڑا انفرادی اسکور ہے اس سے قبل 1997ء میں سلیم الٰہی نے پاکستان اے کی طرف سے ووسٹر شائر کے خلاف 229 رنز بنائے تھے۔

جواب میں زمبابوے اے نے کھیل کے اختتام پر اپنی پہلی اننگز میں 112 رنز بنائے تھے اور اس کے 4 کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔

ڈیون مائرز آٹھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 56 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان شاہینز کی طرف سے لیفٹ آرم سلو بولر مہران ممتاز نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

زمبابوے اے پاکستان شاہینز کے اسکور سے اسوقت 409 رنز پیچھے ہے اور اس کی 6 وکٹیں باقی ہیں۔

پاکستان شاہینز نے اپنی پہلی اننگز 352 رنز 2 کھلاڑی آؤٹ پر شروع کی۔ عمیر یوسف 161 اور کامران غلام 5 رنز پر ناٹ آؤٹ تھے۔

مہمان ٹیم کو دن کا واحد نقصان اسوقت برداشت کرنا پڑا جب کامران غلام چار چوکوں کی مدد سے 26 رنز بنا کر چیوانگا کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوگئے۔ اسوقت پاکستان شاہینز کا اسکور 388 رنز تھا۔

عمیر بن یوسف نے اپنی شاندار اننگز کو جاری رکھتے ہوئے فرسٹ کلاس کرکٹ میں اپنی پہلی ڈبل سنچری 300 گیندوں پر 19 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے مکمل کرلی۔

اس سے قبل عمیر بن یوسف کا فرسٹ کلاس کرکٹ میں بہترین انفرادی اسکور 174 رنز تھا جو انہوں نے 2019ء میں سندھ کی طرف سے خیبر پختونخوا کے خلاف بنایا تھا۔

24 سالہ عمیر بن یوسف ان خوش قسمت کرکٹرز میں بھی شامل ہیں جنہیں اپنے اولین فرسٹ کلاس میچ میں سنچری کا اعزاز حاصل ہے۔ یہ سنچری انہوں نے 2018ء میں کراچی وائٹس کی طرف سے زرعی ترقیاتی بینک کے خلاف اسکور کی تھی۔

عمیر بن یوسف اور نائب کپتان حسین طلعت نے چوتھی وکٹ کی ناقابل شکست شراکت میں 133 رنز کا اضافہ کیا۔ حسین طلعت نے اپنی نصف سنچری 90 گیندوں پر 6 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے مکمل کی۔

جب کپتان عمران بٹ نے اننگز ڈکلیئر کرنے کا فیصلہ کیا تو حسین طلعت 51 اور عمیر بن یوسف 250 رنز پر بیٹنگ کر رہے تھے۔ عمیر بن یوسف کی 342 گیندوں پر مشتمل اننگز میں 27 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

ان سے قبل میچ کے پہلے دن محمد حریرہ نے بھی شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 178 رنز اسکور کیے تھے۔

میچ کا مختصر اسکور

پاکستان شاہینز پہلی اننگز 521 رنز 3 کھلاڑی آؤٹ ڈکلیئرڈ۔ عمیر بن یوسف 250 ناٹ آؤٹ۔ محمد حریرہ 178۔ حسین طلعت 51 ناٹ آؤٹ۔

زمبابوے اے پہلی اننگز۔ 112 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ۔ ڈیون مائرز 56۔ مہران ممتاز 2/32

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial